رول نمبر ________

2017 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 2.10 گھنٹے

## گروپ - پہلا

**حصہ اِنشائیہ**

کل نمبر = 60

**حصہ اول**

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) چِچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ii) صبا بے شک آتی مدینے سے تو ہے — کہ تجھ میں مدینے کے پھولوں کی بُو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) ملّت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ

( حصہ غزل )

(i) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(ii) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید — جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

(iii) عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

**حصہ دوم**

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) '' پنچو! آج تین سال ہوئے، میں نے اپنی سب جائیداد اپنے بھانجے جمن کے نام لکھ دی تھی، اسے آپ لوگ جانتے ہوں گے۔ جمن نے مجھے تاحینِ حیات روٹی کپڑا دینے کا وعدہ کیا تھا۔ سال بھر تک تو میں نے ان کے ساتھ کسی طرح رو دھو کر کاٹے مگر اب مجھ سے رات دن کا رونا نہیں سہا جاتا۔

(ب) یہ نہیں کہ چھوٹا چودہری یا اس کے گھر والے مہمان نواز نہ تھے۔ انہیں صرف اس بات کا یقین نہیں تھا کہ ان کی مہمان نوازی ماسٹر جی کو موافق بھی آئے گی یا نہیں۔ بہر حال انہوں نے اپنی تواضع کی ابتدا کی۔ چھوٹا چودہری اور اس کے بڑے بھائی ماسٹر جی کو بصد تعظیم اپنی چوپال میں لے گئے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا ارشاد فرمایا؟

(ii) مرزا غالبؔ کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟

(iii) دِلی قوئی کو بیکار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

(iv) حضرت بی کون تھیں اور اُنہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟

(v) الگو چودہری نے کیا فیصلہ سنایا؟

(vi) تجمّل نے اخترؔ کو کون سی خوشخبری سنائی؟

(vii) '' پیوستہ رہ شجر سے، اُمید بہار رکھ '' کا کیا مطلب ہے؟

(viii) شاعر میر تقی میرؔ ''اضطراب '' کی حالت میں کیا کرتا تھا؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) امتحان 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم '' پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ '' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ اپنے دوست کے نام خط لکھیں جس میں اسے منانے کی کوشش کریں۔ یا

اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سکول چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیں۔ 10

8۔ '' سچ کی برکت '' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا مریض اور طبیب کے درمیان ہونے والی گفتگو کو ایک مکالمہ کی شکل دیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) عثمان نے شاگرد پڑھایا۔
(ii) میں نے فرحان دیکھا۔
(iii) طارق نے اخبار کو خریدا۔
(iv) پاک رہو آباد رہو۔
(v) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) جس کی لاٹھی ________
(ii) بات کھٹائی میں ________
(iii) باسی کڑھی میں ________
(iv) بلی کے بھاگوں ________
(v) عید پیچھے ________

(181)

رول نمبر ________

PAPER CODE NUMBER:0023

2017 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) وقت = 20 منٹ

گروپ ۔ پہلا **حصہ معروضی** کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) لفظ " خصلت " کی جمع ہے۔ (A) خصول (B) خصولات (C) خصائل (D) خصل

(2) لفظ " بندہ " کی مؤنث ہے۔ (A) بیوی (B) عورت (C) بندی (D) کنیز

(3) لفظ " قوت " کا متضاد ہے۔ (A) طاقت (B) ہمت (C) ضعف (D) حکمت

(4) لفظ " فراخ " کا مترادف ہے۔ (A) تنگی (B) کشادہ (C) کنجوس (D) فضول خرچ

(5) حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان ____ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا۔ (A) مکے (B) مدینے (C) خیبر (D) طائف

(6) سبق " مرزا غالب کے عادات و خصائل " کے مصنف کا نام ہے۔ (A) سرسید احمد خاں (B) شبلی نعمانی (C) حالی (D) پریم چند

(7) روٹی پیدا کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ (A) آرام (B) محنت (C) سفارش (D) خوشامد

(8) میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے مرید تھے۔ (A) خواجہ میر درد کے (B) مرزا غالب کے (C) ابراہیم ذوق کے (D) خواجہ باسط کے

(9) ماں کی گود میں سویا ہوا تھا۔ ( بحوالہ سبق نصوح اور سلیم کی گفتگو ) (A) بچی (B) سلیم (C) لڑکی (D) بیدارا

(10) جس شخ اور الگو چودھری میں بڑا تھا۔ (A) پیار (B) اتفاق (C) یارانہ (D) اختلاف

(11) ڈاکٹر کے مطابق میاں کو بیماری تھی۔ ( بحوالہ سبق آرام و سکون ) (A) شوگر کی (B) دل کی (C) تکان اور حرارت کی (D) سردرد کی

(12) صبا آتی ہے۔ ( بحوالہ نعت امیر مینائی ) (A) مکے سے (B) مدینے سے (C) خیبر سے (D) طائف سے

(13) نظم " برسات کی بہاریں " کے شاعر کا نام ہے۔ (A) اقبالؒ (B) حالی (C) مینائی (D) نظیر اکبر آبادی

(14) شاعر ( خواجہ حیدر علی آتش ) کی عمر بسر ہوئی۔ (A) سو کر (B) رو کر (C) ہنس کر (D) جاگ کر

(15) لفظ " زائر " کی جمع ہے۔ (A) زائرات (B) زائرین (C) زائران (D) ازائر

رول نمبر ________ (182)

2017 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

اردو (لازمی) (نیو کورس) وقت = 2.10 گھنٹے

گروپ - دوسرا حصہ انشائیہ کل نمبر = 60

## حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پہ، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو — ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(حصہ غزل)

(i) چشمِ دل کھول اُس بھی عالم پر — یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

(ii) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے

(iii) کتنا ہے بدنصیب ظفرؔ، دفن کے لیے — دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں

## حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) مروّت اور لحاظ مرزا کی طبیعت میں بدرجۂ غایت تھا۔ باوجودیکہ اخیر عمر میں وہ اشعار کی اصلاح دینے سے بہت گھبرانے لگے تھے، بایں ہمہ کبھی کسی کا قصیدہ یا غزل بغیر اصلاح کے واپس نہ کرتے تھے۔

(ب) میں نے بھی تقدیر اور تدبیر پر ایک چھوٹا سا لیکچر دے کر ثابت کر دیا کہ تدبیر کوئی چیز نہیں، تقدیر سے تمام دُنیا کے کام چلتے ہیں۔ قصہ مختصر درخواستِ شرکت دی گئی اور منظور ہوگئی۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

(ii) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟

(iii) تجمل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟

(iv) مضمون نگار مرزا فرحت اللہ بیگ نے امتحان دیا تو کیا نتیجہ نکلا؟

(v) اُلّو کو کون پسند کر سکتا ہے؟

(vi) بحوالہ درسی کتاب سبق '' قدرایاز '' ماسٹر جی چھوٹے چودھری کے گاؤں کیوں گئے تھے؟

(vii) شاعر امیر مینائی کے دل میں کیا حسرت اور آرزو تھی؟

(viii) انسان کی عمرِ دراز کے چار دن کیسے کٹتے ہیں؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) قدرایاز 5

6۔ کتاب میں دی گئی '' نعت '' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام لکھیے۔ 5

7۔ چچا جان کے نام خط لکھیے جس میں چچی جان کی صحت کے بارے میں پوچھا گیا ہو۔ یا

ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست برائے صفائی تحریر کریں۔ 10

8۔ '' جھوٹ کی سزا '' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا دو ہم جماعت طلبا کے درمیان پڑھائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) میں نے کتاب کو پڑھا۔ (ii) وہ ہمت کو ہار گئے۔ (iii) ہم نے کراچی جانا ہے۔

(iv) میں دن مدرسے جاتا ہوں۔ (v) جس کی لاٹھی اس کا بھائی۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آ بیل ________ (ii) آپ آئے ________ (iii) آدمی کا شیطان ________

(iv) الٹے بانس ________ (v) بد اچھا ________

183

| | |
|---|---|
| **PAPER CODE NUMBER:0024** | |

2017 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 20 منٹ

## گروپ ـ دوسرا

**حصہ معروضی**

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) " ملک " کی مؤنث ہے۔
(A) مالکہ (B) ملکہ (C) شہزادی (D) شہزادن

(2) " داستان " کا مترادف ہے۔
(A) ڈراما (B) حکایت (C) ناول (D) روداد

(3) " حاکم " کا متضاد ہے۔
(A) حکم (B) حکومت (C) محکوم (D) حاکمیت

(4) " حیاتِ جاوید " کے مصنف کا نام ہے۔
(A) علامہ محمد اقبالؒ (B) مرزا غالب (C) کرنل محمد خاں (D) حالی

(5) سلیم کو آ کر جگایا۔
(A) نصوح نے (B) بیدارا نے (C) ماں نے (D) حضرت بی نے

(6) یہ مصرع " اس زلف پہ پھبتی شبِ دیجور کی سوجھی " شاعر ______ کا ہے۔
(A) انشاء (B) جراّت (C) درد (D) میر

(7) مرزا کی طبیعت میں بدرجۂ غایت تھا۔
(A) جود و سخا (B) اخلاص (C) مروت اور لحاظ (D) صبر

(8) " پنچایت " کے مصنف ہیں۔
(A) سر سید احمد خاں (B) منشی پریم چند (C) مرزا ادیب (D) فرحت اللہ بیگ

(9) " ابواب " کا واحد ہے۔
(A) اباب (B) ابوب (C) باب (D) بوب

(10) سکول میں مشکوک بیگ نظر آنے کی صورت میں:۔
(A) دوستوں کو بتایا جائے (B) ٹیچر کو بتایا جائے (C) ایمرجنسی فون پر اطلاع دی جائے (D) بیگ کو خود ہٹا دیا جائے

(11) ماسٹر جی نے فرمائش کی۔
(A) کارن فلیک کی (B) لسی کی (C) چائے کی (D) کافی کی

(12) لا کالج میں طالب علم کا دوست تھا۔
(A) لیکچرار صاحب (B) پرنسپل صاحب (C) منشی صاحب (D) چوکیدار

(13) میر تقی میر پیدا ہوئے۔
(A) آگرہ میں (B) کلکتہ میں (C) دلی میں (D) لکھنؤ میں

(14) " آئمہ " کا واحد ہے۔
(A) امن (B) آمنہ (C) امامت (D) امام

(15) سبحان تیری قدرت پکارتے ہیں۔
(A) کبوتر (B) تیتر (C) طوطے (D) بٹیر

184

# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

## OBJECTIVE KEY FOR S.S.C ( / 9th) Annual Examination, 2017.

Name of Subject (نیو کورس) اردو Session 2016 - 2017

Group: 1st

| Q. Nos. | Paper Code 0021 | Paper Code 0023 | Paper Code 0025 | Paper Code 0027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | B | C | B | C |
| 2. | C | C | D | C |
| 3. | B | C | D | C |
| 4. | D | B | B | B |
| 5. | C | B | C | D |
| 6. | C | C | C | D |
| 7. | C | B | C | B |
| 8. | B | D | B | C |
| 9. | D | C | B | C |
| 10. | D | C | C | C |
| 11. | B | C | B | B |
| 12. | C | B | D | B |
| 13. | C | D | C | C |
| 14. | C | D | C | B |
| 15. | B | B | C | D |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

Group: 2nd

| Q. Nos. | Paper Code 0022 | Paper Code 0024 | Paper Code 0026 | Paper Code 0028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | B | B | C | C |
| 2. | B | B | A | C |
| 3. | C | C | D | C |
| 4. | B | D | B | A |
| 5. | C | B | B | D |
| 6. | C | B | B | B |
| 7. | C | C | C | B |
| 8. | C | B | D | B |
| 9. | A | C | B | C |
| 10. | D | C | B | D |
| 11. | B | C | C | B |
| 12. | B | C | B | B |
| 13. | B | A | C | C |
| 14. | C | D | C | B |
| 15. | D | B | C | C |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

185

2017 (A)

رول نمبر ____________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

**اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس )** وقت = 2.10 گھنٹے

**گروپ - دوسرا** حصہ اِنشائیہ کل نمبر = 60

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) تُو ہی نظر آتا ہے ہر شئے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلہ تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہوجاؤں مر کر — یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

( حصہ غزل )

(i) آتشِ غم میں دل بُھنا شاید — دیر سے بو کباب کی سی ہے

(ii) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار — قلم اپنا موتی پرویا کیا

(iii) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) مروّت اور لحاظ مرزا کی طبیعت میں بدرجۂ غایت تھا۔ باوجودیکہ اخیر عمر میں وہ اشعار کی اصلاح دینے سے بہت گھبرانے لگے تھے، بایں ہمہ کبھی کسی کا قصیدہ یا غزل بغیر اصلاح کے واپس نہ کرتے تھے۔

(ب) یہ بنگلہ کم وبیش دو ایکڑ قطعہ زمین میں واقع تھا، یعنی قسّامِ ازل نے ہی اسے خاصا شاہانہ طول وعرض بخشا تھا۔ عمارت کے سامنے وسیع چمن تھا جس کے حاشیے پر مہندی کی گہری سبز باڑ کے سر پر، نیزوں اُونچے سرو اور سفیدے کے پیڑ لہلہاتے تھے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) جمیل نے اختر کو کون سی خوشخبری سنائی؟ ( بحوالہ سبق لہو اور قالین )

(ii) کوا گرامر میں ہمیشہ کیا استعمال ہوتا ہے؟

(iii) ماسٹر جی کو چائے کیسے پیش کی گئی؟ ( بحوالہ سبق قدر ایاز )

(iv) مضمون نگار کے والد نے کس طرح اُسے تسلی دی؟ ( بحوالہ مرزا فرحت اللہ بیگ )

(v) سمجھو سیٹھ نے الگو چودھری سے خریدے ہوئے بیل کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

(vi) بلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

(vii) اقبالؒ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(viii) درویش کے لَب پر کیا صدا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) ملکی پرندے اور دوسرے جانور (ii) لہو اور قالین 5

6۔ کتاب میں دی گئی " نعت " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ اپنے دوست کو خط لکھیے جس میں اسے شادی کے موقع پر کفایت شعاری اپنانے کا مشورہ دیا گیا ہو۔ یا

پوسٹ ماسٹر کے نام درخواست لکھیے جس میں آپ کے علاقہ کے ڈاکیے کی کاہلی کی شکایت ہو۔ 10

8۔ " سچ کی برکت " کے عنوان سے کہانی لکھیے۔ یا گاہک اور منیجر کے درمیان ہوٹل میں قیام کرنے پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (ii) غریب کی جورو سَب کی بہن۔ (iii) ہاتھی کے دانت کھانے کے اور چبانے کے اور۔

(iv) ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔ (v) جتنی چادر دیکھیے اتنا کپڑا لیجیے۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آدمی کا شیطان ______ (ii) بوڑھی گھوڑی ______ (iii) بدا اچھا ______

(iv) قاضی کے گھر کے ______ (v) یہاں کو باوا آدم ہی ______

PAPER CODE NUMBER: 1024

2017 (A)

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

# اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس )

وقت = 20 منٹ

## گروپ - دوسرا

**حصہ معروضی**

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) " مخازن " کا واحد ہے۔
(A) مخزن (B) حزن (C) مصلح (D) محقق

(2) " تقدیم " کا متضاد ہے۔
(A) تدیم (B) تاخیر (C) کثیر (D) برباد

(3) " توکل " کا مترادف ہے۔
(A) حکایت (B) بھروسا (C) تیرگی (D) آغاز

(4) " سقا " کی مؤنث ہے۔
(A) تقی (B) سناری (C) چمارن (D) سقن

(5) سبق " آرام و سکون " کے مصنف ہیں۔
(A) مولانا شبلی نعمانی (B) سرسید احمد خاں (C) سید امتیاز علی تاج (D) مرزا ادیب

(6) میدانِ عمل، بازارِ حسن اور گئودان مشہور ناول ہیں۔
(A) سعادت حسن منٹو کے (B) منشی پریم چند کے (C) مرزا ادیب کے (D) مرزا فرحت اللہ بیگ کے

(7) بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا۔ ( بحوالہ سبق امتحان )
(A) رتی برابر (B) ذرا برابر (C) بالکل (D) معمولی

(8) سبق " قدرِ ایاز " میں کرنیلوں کو رہائش کے لیے بنگلے ملتے تھے۔
(A) اے کلاس (B) بی کلاس (C) سی کلاس (D) ڈی کلاس

(9) حافظ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان ____ کی طرف رخ کرنے کا حکم دیا۔
(A) مکے (B) مدینے (C) طائف (D) یمن

(10) میاں اکیلے بیٹھے پڑھ رہے تھے۔ ( بحوالہ سبق نصوح اور سلیم کی گفتگو )
(A) اخبار (B) رسالہ (C) ناول (D) کتاب

(11) مرزا غالب کے نہایت وسیع تھے۔
(A) اخلاق (B) افکار (C) خصائل (D) کردار

(12) بانگِ درا، بالِ جبریل اور ضربِ کلیم اردو شاعری کی کتابیں ہیں۔
(A) مرزا غالب کی (B) مولانا حالی کی (C) علامہ محمد اقبال کی (D) مولانا محمد حسین آزاد کی

(13) نظم " برسات کی بہاریں " کی ہیئت ہے۔
(A) مسدس بند (B) مخمس بند (C) رباعی (D) قطعہ بند

(14) مرزا اسد اللہ خاں غالب پیدا ہوئے۔
(A) دہلی میں (B) بنارس میں (C) کلکتہ میں (D) آگرہ میں

(15) " شاعر " کی جمع ہے۔
(A) اشعار (B) شعران (C) شعرا (D) شعیر

رول نمبر ________ 187

2017 (A)

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس )

وقت = 2.10 گھنٹے

گروپ - پہلا

کل نمبر = 60

## حصہ انشائیہ

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اس سے سوا تیرا
اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہوجاؤں مر کر
یہی میری حرمت، یہی آبرو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں
جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

( حصہ غزل )

(i) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا
اندھیرے اجالے میں رویا کیا

(ii) ہم کو اُن سے، وفا کی ہے اُمید
جو نہیں جانتے، وفا کیا ہے

(iii) عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) اس فیصلے نے الگو اور جمن کی دوستی کی جڑیں ہلا دیں۔ تناور درخت حق کا ایک جھونکا بھی نہ سہہ سکا۔ وہ اب بھی ملتے تھے مگر وہ تیر و سپر کی طرح۔ جمن کے دل سے دوست کی غداری کا خیال دور نہ ہوتا تھا اور انتقام کی خواہش چین نہ لینے دیتی تھی۔

(ب) علی بخش کی داستانِ غم ختم ہوئی تو سلیم میاں بھی آ گئے۔ علی بخش کے چہرے پر شکایت لکھی ہوئی دیکھی تو اپنے دل پر لکھی ہوئی شکایت بیان کرنے گئے۔ ہم نے سکون سے یہ قصہ سُنا۔ طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟
(ii) مرزا غالبؔ کیسے اخلاق کے مالک تھے؟
(iii) قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟ ( بحوالہ سبق کابلی )
(iv) نصوح کا بیٹا سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟
(v) ہمسائے کی کون سی حرکت سے میاں کے آرام میں خلل پڑ رہا تھا؟
(vi) مضمون نگار نے کون سا امتحان دیا تھا؟ ( بحوالہ سبق مرزا فرحت اللہ بیگ )
(vii) کس کا حق سب سے مقدم ہے؟
(viii) شاعر کا قلم کیا کام کرتا ہے؟ ( بحوالہ غزل خواجہ حیدر علی آتشؔ )

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) آرام و سکون (ii) نصوح اور سلیم کی گفتگو 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام لکھیے۔ 5

7۔ والدہ صاحبہ کے نام ایک خط تحریر کیجیے جس میں گرمیوں کی تعطیلات اُن کے پاس گزارنے کے بارے میں لکھیے۔ یا
ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ 10

8۔ " قوم کی خاطر ایثار " کے عنوان سے کہانی لکھیے۔ یا دو ہم جماعت کے درمیان مضمون کی تیاری کے بارے میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) میں نے فرحان دیکھا۔
(ii) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔
(iii) جی نے چاہا تو آؤں گا۔
(iv) آٹھ چاند لگ جانا۔
(v) جتنی چادر دیکھیے اتنے ہاتھ پھیلایئے۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آدمی کا شیطان ______
(ii) بد اچھا ______
(iii) ڈوبتے کو ______
(iv) طویلے کی بلا ______
(v) ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں ______

**PAPER CODE NUMBER:1023**

2017 (A)

رول نمبر ______ 188

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

## اردو ( لازمی ) ( اولڈ کورس )

وقت = 20 منٹ

## گروپ - پہلا

**حصہ معروضی**

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | '' بدن '' کی جمع ہے۔ | بدان | بدائن | ابدن | ابدان |
| (2) | '' خصلت '' کی جمع ہے۔ | خصائل | خصلتیں | اخلاص | خلاصتیں |
| (3) | '' کثیر '' کا متضاد ہے۔ | وافر | قلیل | عروج | ہموار |
| (4) | '' دانا '' کا مترادف ہے۔ | بے وقوف | دانش مند | حسین | شوقین |
| (5) | ایک صحبت میں مرزا غالب تعریف کر رہے تھے۔ | ذوق کی | مومن کی | بہادر شاہ ظفر کی | میر تقی میر کی |
| (6) | روٹی پیدا کرنے کے لیے ضروری ہے۔ | آرام | محنت | سفارش | خوشامد |
| (7) | محمد حسین آزاد کے والد کا نام تھا۔ | مولوی محمد باقر | مولوی محمد شاکر | مولوی محمد علی | مولوی شبیر حسین |
| (8) | سلیم ڈرتے ڈرتے گیا۔ ( بحوالہ سبق نصوح اور سلیم کی گفتگو ) | مدرسے | اوپر | بازار | مسجد |
| (9) | جمن جب حج کرنے گئے تو اپنا گھر سونپ گئے۔ | شیخ کو | الگو چودھری کو | اپنی خالہ کو | اپنی اہلیہ کو |
| (10) | امتیاز علی تاج کے ڈراموں میں تمام خوبیاں ہیں۔ | نثری | بیانی | لسانی | الفاظی |
| (11) | کرنلوں کو رہائش کے لیے بنگلے ملتے تھے۔ ( بحوالہ سبق قدر ایاز ) | اے کلاس | بی کلاس | ڈی کلاس | سی کلاس |
| (12) | امیر مینائی کے والد کا نام ہے۔ | مولوی کرم محمد | مولوی علی احمد | مولوی نصر الدین | مولوی مظفر علی |
| (13) | تیتر پکارتے ہیں۔ | سبحان تیری ذات | سبحان تیری قدرت | سبحان تیری شان | سبحان تیری وحدت |
| (14) | شاعر نے ناداں کہا ہے۔ ( بحوالہ غزل مرزا اسد اللہ خاں غالب ) | دل کو | دماغ کو | محبوب کو | خود کو |
| (15) | '' گنوار '' کی مؤنث ہے۔ | گنواری | گنوارنی | گنوارن | گنوارانی |

189

# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION MULTAN

OBJECTIVE KEY FOR S.S.C (10th / 9th) Annual Examination, 2017.

Name of Subject اردو لازمی

Group: 1st اولڈ کورس

| Q. Nos. | Paper Code 1021 | Paper Code 1023 | Paper Code 1025 | Paper Code 1027 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | D | D | A | B |
| 2. | B | A | B | C |
| 3. | A | B | A | D |
| 4. | B | B | C | A |
| 5. | B | D | D | B |
| 6. | C | B | A | A |
| 7. | D | A | B | C |
| 8. | A | B | B | D |
| 9. | B | B | D | A |
| 10. | A | C | B | B |
| 11. | C | D | A | B |
| 12. | D | A | B | D |
| 13. | A | B | B | B |
| 14. | B | A | C | A |
| 15. | B | C | D | B |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |

Session اردو لازمی

Group: 2nd اولڈ کورس

| Q. Nos. | Paper Code 1022 | Paper Code 1024 | Paper Code 1026 | Paper Code 1028 |
|---|---|---|---|---|
| 1. | C | A | C | B |
| 2. | B | B | B | D |
| 3. | A | B | D | A |
| 4. | C | D | C | C |
| 5. | B | C | A | B |
| 6. | D | B | B | D |
| 7. | A | A | B | C |
| 8. | C | C | D | A |
| 9. | B | B | C | B |
| 10. | D | D | B | B |
| 11. | C | A | A | D |
| 12. | A | C | C | C |
| 13. | B | B | B | B |
| 14. | B | D | D | A |
| 15. | D | C | A | C |
| 16. | | | | |
| 17. | | | | |
| 18. | | | | |
| 19. | | | | |
| 20. | | | | |